26-04-2018

21-16 Hrs

Headline

☆ وزیراعظم نریندر مودی چین کے صدر Xi Jing Ping کے ساتھ بات چیت کے لیے چین روانہ ہوگئے ہیں۔ انھوں نے کہا ہے کہ وہ صدر کے ساتھ باہمی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

☆ وزیراعظم نے اپوزیشن کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی ہے کہ جو مذہب، ذات پات اور نسل کی سیاست کرتے ہیں، انہیں ترقی سے کچھ لینا دینا نہیں ہے۔

☆ CBI نے چھو سو کروڑ روپے کے قرض کی نادہندگی کے کیس میں ائیرسیل کے بانی سی سیواشنکرن اور IDBI بینک کے 15 سینئر عہدیداروں کو ماخوذ کیا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے مختلف ریاستوں میں چار پارلیمانی اور دس اسمبلی سیٹوں کے لیے ضمنی انتخابات کا اعلان کیا ہے۔

☆ پاکستان ہائی کورٹ نے وزیرخارجہ خواجہ آصف کو رُکن پارلیمنٹ کی حیثیت سے نااہل قرار دیا۔

☆ اور کھیلوں میں...... چار بھارتی خواتین بینکاک میں جاری ایشیائی یوتھ باکسنگ چمپئن شپ میں مختلف زمروں کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ X

PM-CHINA

وزیر اعظم نریندر مودی دو روزہ دورے پر چین کے لیے روانہ ہوگئے ہیں۔ اپنے دو روزہ قیام کے دوران جناب مودی Wuhan شہر میں کل سے شروع ہونے والی غیر رسمی میٹنگ میں چین کے صدر Xi jing Ping کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ چین کے اپنے چوتھے دورے کے دوران جناب مودی جناب Jing Ping سے تفصیلی گفتگو کریں گے۔

اپنی روانگی سے قبل جناب مودی نے کہا ہے کہ وہ چین کے صدر کے ساتھ باہمی اور عالمی اہمیت کے بہت سے معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں فریق قومی ترقی کے لیے، خاص طور پر موجودہ اور مستقبل کی بین الاقوامی صورتحال کے تناظر میں اپنے اپنے ویژن اور ترجیحات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ وہ اسٹریٹیجک اور طویل مدتی تناظر میں بھارت- چین تعلقات میں پیش رفت کا جائزہ بھی لیں گے۔

دو قدیم تہذیبوں کے لیڈروں کے درمیان ہونے والی بات چیت کے بارے میں چین میں بھارت کے سفیر گوتم

بمبا والے نے کہا کہ خاص بات یہ ہے کہ اس بات چیت میں کوئی مقررہ ایجنڈہ نہیں ہیں۔x

PM-BJP WORKERS

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بی جے پی نے ترقی کی سیاست کو بنیادی اہمیت دی ہے اور کیرالہ کے لیے بھی اُس کا ایجنڈہ تیز تر اور مجموعی ترقی کا ہے۔ وزیر اعظم آج نریندر مودی ایپ کے ذریعے کیرالہ آسمبلی انتخابات کے BJP کے امیدواروں کے علاوہ کیرالہ میں پارٹی کے عہدیداروں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ گفتگو کررہے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جو لوگ مذہب، ذات پات اور نسل پر سیاست کرتے ہیں، انہیں ترقی کی سیاست سے کچھ لینا دینا نہیں ہے۔ وہ صرف کچھ برادریوں کے جذبات سے کھیلتے ہیں اور انتخابات کے بعد انہیں بھول جاتے ہیں۔x

PREZ-INDU- MALHOTRA

صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے محترمہ اِندو ملہوترا کو اُس دن سے سپریم کورٹ کا جج متعین کیا ہے، جس دن وہ بطور جج عہدہ سنبھالیں گی۔ سپریم کورٹ بار کی وہ پہلی خاتون وکیل ہیں، جنہیں براہ راست ترقی دی گئی ہے۔ امید ہے کہ محترمہ ملہوترا کل سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے حلف لیں گی۔ وہ ثالثی کی ایک مشہور ماہر ہیں۔ x

CBI- AXCEL

CBI نے ائیرسیل کے سابق بانی سی سیوا شنکرن کی کمپنی Axcel Shun Sine لمیٹڈ اور فن لینڈ میں قائم Win Wind oy کے خلاف مبینہ طور پر IDBI بینک سے لیے گئے 600 کروڑ روپے کے قرضوں کی نادہندگی کا معاملہ درج کیا ہے۔ سی بی آئی کے ایک عہدیدار کے مطابق ایجنسی نے IDBI کے سابق سینئر عہدیداروں کی رہائش گاہوں سمیت پچاس مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔

یہ تلاشی کی کارروائی دلی، فریدآباد، ممبئی، گاندھی نگر، چنئی، بنگلورو، بیلگام، حیدرآباد، جے پور اور پنے میں انجام دی گئیں۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ سیواشنکرن کی فرموں نے فروری 2014 میں 530 کروڑ روپے کا قرض لیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ IDBI بینک کے 15 سینئر عہدیداروں اور 24 پرائیوٹ عہدیداروں کو ماخوذ کیا گیا ہے۔x

K'TAKA POLLS

کرناٹک میں بی جے پی نے ریاست میں عوامی صحت کے خراب نظام کے لیے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے۔ اس نے آج طبی سہولیات کی خراب ہوتی صورتحال پر ریاستی حکومت کے خلاف چارج شیٹ جاری کی ہے۔ BJP کے جنرل سکریٹری اور ریاستی یونٹ کے انچارج مرلی دھر راؤ نے کہا ہے کہ کانگریس کی حکمرانی میں ریاست صحت کے شعبے میں سب سے نچلی سطح پر پہنچ گئی ہے۔

کانگریس صدر راہل گاندھی کل منگلورو میں پارٹی کا منشور جاری کریں گے۔ آج Ankola میں ایک روڈ شو کے دوران جناب گاندھی نے مرکزی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ ٹیکس کی رقم دولت مند تاجروں کے قرضوں کو معاف کرنے کے لیے استعمال کررہی ہے۔

ادھر بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے آج Chitr Durga میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ BJP اور کانگریس دونوں ہی قبائلیوں کے مفادات کا تحفظ کرنے میں ناکام رہی ہیں۔

LAW MINISTER-CONG

قانون کے وزیر روی شنکر پرساد نے آج یہ کہتے ہوئے کانگریس کی نکتہ چینی کی ہے کہ پارٹی نے ہمیشہ ہی عدلیہ کے ساتھ غیر منصفانہ رویہ اختیار کیا ہے۔ وزیر موصوف نے نئی دلی میں کہا کہ کانگریس کو سپریم کورٹ کے ججوں کی تقرری کے معاملے پر حکومت پر الزام عائد کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، کیونکہ اُس نے اپنے دور میں کئی سینئر ججوں کی جگہ جونیئر ججوں کو ترقی دی ہے۔ اس سے پہلے کانگریس نے الزام عائد کیا تھا کہ مرکز بدلے کی سیاست کرکے، ملک کے سب سے سینئر جسٹس کے ایم جوزف کو سپریم کورٹ میں ترقی دینے سے انکار کررہی ہے۔x

CHATTISGARH-MAOISTS

چھتیس گڑھ میں 20 خواتین سمیت 60 سے زیادہ ماؤنوازوں نے آج بستر خطے میں پولیس کے سامنے خود سپردگی کی۔ ماؤنوازوں نے 7 رائفلز بھی پولیس کے حوالے کیے۔ اِن ماؤنوازوں نے نارائن پور ضلع ہیڈکوارٹر میں بَستر علاقے کے IG وویکانند سنہا اور دوسرے سینئر پولیس اہلکاروں کے سامنے خود سپردگی کی۔ یہ ماؤنواز Abhujmaad علاقے میں سرگرم تھے۔x

AIR CHIEF

چھتیس گڑھ میں 20 خواتین سمیت 60 سے زیادہ ماؤنوازوں نے آج بستر خطے میں پولیس کے سامنے خود سپردگی کی۔ ماؤنوازوں نے 7 رائفلز بھی پولیس کے حوالے کیے۔ اِن ماؤنوازوں نے نارائن پور ضلع ہیڈکوارٹر میں بَستر علاقے کے IG وویکانند سنہا اور دوسرے سینئر پولیس اہلکاروں کے سامنے خود سپردگی کی۔ یہ ماؤنواز Abhujmaad علاقے میں سرگرم تھے۔x

GUJRAT- NHRC

حقوق انسانی کے قومی کمیشن، NHRC نے گجرات اور مرکز کے زیر انتظام دمن اور دیو اور دادر اور نگر حویلی میں SC-ST کے متاثرین سمیت انسانی حقوق کی پامالی کے معاملات کی سماعت کے لیے گاندھی نگر میں دو روزہ اجلاس شروع کیا ہے۔

NHRC کے چیئرمین جسٹس ریٹائرڈ ایچ ایل دتو نے دو روزہ کیمپ کا افتتاح کیا اور کہا کہ کمیشن ریاستوں کو اس بات پر آمادہ کرنے کی کوشش کررہا ہے کہ وہ عوام میں حقوق انسانی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں حقوق انسانی کی تعلیم متعارف کرائیں۔ x

KARAIKAL- COURT

پڈوچیری میں Karaikal کی ایک عدالت نے ایک 44 سالہ اسکول ٹیچر کو دو سال پہلے ایک نابالغ بچی کے جنسی استحصال کے لیے دس سال کی قید بامشقت کی سزا سنائی ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کے جج نے Kariakal ضلع میں Surakudi کے ایک سرکاری ہائی اسکول میں کام کرنے والے ٹیچر Sivanesan کو یہ سزا سنائی ہے۔ جج نے پانچ ہزار روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔x

EC- BYPOLL

انتخابی کمیشن نے آج چار پارلیمانی حلقوں میں انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ ان میں مہاراشٹر کی Palghar اور Bhandara-Gondiya سیٹیں، اترپردیش میں کیرانہ اور ایک ناگالینڈ کی سیٹ شامل ہیں۔ کمیشن نے 9 ریاستوں میں دس اسمبلی کے ضمنی انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ ان میں بہار کی جوکی ہاٹ، جھارکنڈ میں گومیا اور سلّی، کیرالہ میں Chengannur، مہاراشٹر میں Palus Kadegaon، میگھالیہ میں Ampati، پنجاب میں شاہ کوٹ، اتراکھنڈ میں Tharali، اترپردیش میں نورپور اور مغربی بنگال میں مہیش تلا شامل ہیں۔ ان انتخابات کے لیے نوٹیفکیشن اگلے مہینے کی تین تاریخ کو جاری کیا جائے گا، جبکہ کاغذات نامزدگی دس مئی تک داخل کیے جاسکتے ہیں۔ پولنگ28 مئی کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 31 مئی کو کی جائے گی۔x

IRANI-TEXTILE

ٹیکسٹائل کی مرکزی وزیر محترمہ اسمرتی ایرانی نے آج نئی دلّی میں ٹیکسٹائل کے ریاستی وزراء کے ساتھ ملک میں ہینڈ لوم اور دستکاری کے فروغ کے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا۔ مرکزی وزیر کی صدارت میں ہونے والی اِس میٹنگ میں مرکز اور ریاستوں کے درمیان اِس معاملے میں ساجھیداری پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ x

PAK-COURT-ASIF

آج پاکستان کی اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیر خارجہ خواجہ آصف کو سن 2013 میں چناؤ لڑتے وقت متحدہ عرب امارات میں ان کے ذریعہ ورک Permit اِقامہ کی تفصیلات کو پوشیدہ رکھنے کی پاداش میں پارلیمنٹ کے ممبر کے طور پر انہیں نااہل قرار دے دیا۔ اسلام آباد ہوئی کورٹ کی تین رکنی خصوصی بینچ نے پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے لیڈر عثمان ڈار کے ذریعہ دائر کی گئی عرضداشت پر یہ فیصلہ سنایا۔ درخواست گزار نے آئین کی شق 62 اور 63 کے تحت UAE کا اِقامہ رکھنے کے سبب انھیں پارلیمنٹ کی رکنیت کے لئے نااہل قرار دیئے

جانے کی گزارش کی تھی۔ عثمان ڈار جو سن 2013 میں آصف کے خلاف چناؤ ہار گئے تھے، آصف کی اہلیت کو چیلنج کیا تھا کہ انہوں نے چناؤ لڑتے وقت اپنی نوکری اور تنخواہ کا انکشاف نہیں کیا تھا۔ x

J&K KILLED

جموں و کشمیر میں ایک شہری آج اُس وقت ہلاک ہوگیا جب وہ جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں سیکیورٹی فورسیز پر دہشت گردوں کی فائرنگ میں شدید طور پر زخمی ہوگیا تھا۔ پولیس کے ترجمان نے آکاشوانی کو بتایا کہ کچھ دہشت گرد، جو کہ کار میں سفر کر رہے تھے، آج سہ پہر اننت ناگ میں Laazibal کراسنگ کے پاس سیکیورٹی فورسیز کی گشتی گاڑی پر گولہ باری کی۔ انہوں نے کہا کہ گولی باری نشانے پر نہیں ہوئی اور ایک شہری اِس کی زد میں آگیا جو جیپ پر جا رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اُس شخص کو گولی لگی اور سرینگر اسپتال جاتے ہوئے راستے ہی میں اُس کی موت ہوگئی۔

اِسی دوران ایک دوسرے حادثے میں دو پولیس والے اُس وقت زخمی ہوگئے جب نامعلوم دہشت گردوں نے آج شام کلگام ضلع میں کلگام پولیس اسٹیشن پر دستی بم پھینک دیا۔ سیکیورٹی فورسیز نے حملہ آوروں کو پکڑنے کیلئے علاقے کا محاصرہ کر لیا ہے۔ x

INDONESIA FIRE

انڈونیشیا کے Aceh صوبے میں تیل کے ایک غیرمنضبط کنویں میں آگ لگنے سے مرنے والوں کی تعداد 21 تک پہنچ گئی ہے۔ Aceh کی Desaster Mitigation ایجنسی کے سربراہ Teuku Ahmad Dadek نے کہا ہے کہ 38 افراد کا اب بھی اسپتالوں میں علاج کیا جارہا ہے، جن میں کئی کی حالت نازک ہے۔x

SOUTH-N.KOREA TALKS

Kim Jong un انیس سو ترپن میں کوریائی جنگ کے خاتمے کے بعد سے پہلے شمالی کوریا کے ایسے لیڈر ہیں، جو جنوبی کوریا کی سرزمین پر قدم رکھیں گے۔ جنوبی کوریا نے کہا ہے کہ صدر Moon Jae-in کل بذات خود جناب Kim کا خیرمقدم کریں گے۔ یہ تاریخی سربراہ میٹنگ شمالی کوریا کے حال ہی میں اس عندیہ کے بعد ہورہی ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ وہ اپنے نیوکلیائی ہتھیار ترک کرنے کا خواہشمند ہے۔ جناب Kim اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان بھی جون میں بات چیت کی تجویز ہے۔

NAIDU-HELATH

نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو نے MBBS کے نئے گریجویٹس کو پہلی ترقی دینے سے پہلے اُن کی دیہی علاقوں میں پوسٹنگ کو لازمی بنانے پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلی میں 15ویں عالمی دیہی صحت کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب نائیڈو نے کہا کہ دیہی علاقوں میں ڈاکٹروں کی کمی کا ایک ممکنہ حل یہ ہے کہ MBBS کے نئے

گریجویٹس کی دیہی علاقوں میں تعیناتی کو لازمی بنایا جائے۔ جناب نائیڈو نے مزید کہا کہ پرائیوٹ سیکٹر، غیر سرکاری تنظیمیں اور ڈاکٹروں کی تنظیمیں شہری اور دیہی علاقوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے لیے حکومت کی کوششوں میں زیادہ بڑا اور اہم رول ادا کرسکتی ہیں۔x

UP-ACCIDENT

اترپردیش میں آج 13 اسکولی بچے اُس وقت ہلاک ہوگئے جب ایک اسکول وین کُشی نگر ضلع کے Dudhahi میں ریل کراسنگ کے نزدیک ایک پسنجر ٹرین سے ٹکرا گئی۔ اِس کراسنگ پر کوئی عملہ تعینات نہیں تھا۔ پولیس نے اِس معاملے میں FIR درج کی ہے اور اسکول کے پرنسپل کو گرفتار کر لیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اِس معاملے میں کُشی نگر کے بیسک سکشا ادھیکاری اور ARTO سمیت چار اہلکاروں کو معطل کرنے کا حکم دیا ہے۔

BOXING MEDALS

بھارت کی چار خاتون مکے باز بنکاک میں جاری ایشین یوتھ باکسنگ چمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ ان میں عالمی یوتھ چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتنے والی نیتو، 48 کلوگرام کے زمرے میں فائنل میں پہنچ گئی ہیں، جبکہ 51 کلوگرام کے زمرے میں انامیکا، 64 کلوگرام کے زمرے میں منیشا اور 69 کلوگرام کے زمرے میں للتا شامل ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ اکتوبر میں Buenos Aires میں ہونے والے یوتھ اولمپک گیمس کے لیے کوالیفائنگ کی حیثیت رکھتا ہے۔x

BADMINTON

بھارت کے ممتاز بیڈمنٹن کھلاڑی سائنا نہوال، پی وی سندھو، کدامبی سری کانتھ اور ایچ ایس پرنوئے ایشیا بیڈمنٹن چمپئن شپ کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ چین کے شہر Wuhan میں آج سائنا نے چالیس منٹ کے مقابلے میں چین کی Gao Fangjie کو سیدھے سیٹوں میں اکیس-اٹھارہ، اکیس-آٹھ سے ہرایا۔ اب اُن کا مقابلہ کوریا کی Lee Jang Mi سے ہوگا جنہوں نے تھائی لینڈ کی سابق عالمی چمپئن Ratchanok Intanon کو ہرایا۔ سندھو نے بھی اکیس-بارہ اکیس-پندرہ سے چین کی Chen Xiaoxin کے خلاف آسان جیت درج کی۔ اب اُن کا مقابلہ یا تو کوریا کی ساتویں درجے کی کھلاڑی Sung Ji Hyun یا پھر تھائی لینڈ کی Busanan Ongbamrungophan سے ہوگا۔ x

WEATHER

دلّی میں آج موسم کا سب سے زیادہ گرم دن ریکارڈ کیا گیا جبکہ درجۂ حرارت 42 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا۔

محکمۂ موسمیات کے ایک اہلکار نے کہا کہ سب سے زیادہ درجۂ حرارت معمول سے تین ڈگری اوپر جبکہ کم سے کم 23 اعشاریہ پانچ ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔

راجستھان کے مغربی علاقے کے زیادہ تر حصوں میں درجۂ حرارت 44 ڈگری کو پار کر گیا۔ ریاست کے زیادہ تر علاقوں میں درجۂ حرارت 40 ڈگری سے زیادہ رہی۔ سری گنگانگر، جیسلمیر اور باڑمیر آج سب سے زیادہ گرم علاقے رہے جہاں درجۂ حرارت 44 اعشاریہ چار ڈگری تک پہنچ گیا۔ چوڑو میں درجۂ حرارت 44 اعشاریہ ایک ڈگری جبکہ بیکانیر میں 43 اعشاریہ آٹھ ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ x